**01.02.2026**
**2115 Hrs**
**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں............شبانہ بیگم
**Music**

..............................................................................

☆ وزیرِ خزانہ نرملا سیتا رمن نے لوک سبھا میں مرکزی بجٹ 2026-27 پیش کیا۔ اُنہوں نے کہا کہ یہ بجٹ اقتصادی ترقی کو تیز کرنے، عوام کی صلاحیت سازی اور ہر کسی کو وسائل، سہولتیں اور مواقع فراہم کرنے کے تین کرتویوں سے تحریک یافتہ ہے۔

☆ دفاعی شعبے کو اب تک کے سب سے زیادہ سات اعشاریہ آٹھ-پانچ لاکھ کروڑ روپے مختص کئے گئے۔

☆ بجٹ میں بھارت کو بائیو فارما کے عالمی مینوفیکچرنگ مرکز کے طور پر قائم کرنے کی تجویز پیش کی گئی ہے۔ سیمی کنڈکٹر مشن 2.0 کا اعلان کیا گیا ہے۔ مہاتما گاندھی گرام سوراج پہل کھادی، ہتھ کرگھا اور دست کاری اشیاء مستحکم ہوگی۔ ملک کے مشرقی اور شمال مشرقی حصے کی ترقی کیلئے مختلف اقدامات کا اعلان کیا گیا ہے۔

☆ آٹھ فیصد کی نومینل GDP شرحِ ترقی کے ساتھ موجودہ مالی برس میں ملک کی اصل GDP کے سات اعشاریہ چار فیصد سے ترقی کرنے کا اندازہ لگایا گیا ہے۔

☆ وزیرِاعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ مرکزی بجٹ میک اِن انڈیا اور آتم نربھر بھارت کو فروغ دینے کیلئے اہم نقش راہ پیش کرتا ہے۔ اُنہوں نے ملک کی اصلاحات کے سلسلے میں نئی توانائی اور رفتار پر زور دیا۔

☆ مرکزی وزراء، کئی ریاستوں کے وزرائے اعلیٰ اور صنعتی اداروں نے بجٹ کی یہ کہتے ہوئے ستائش کی ہے کہ یہ شہریوں کی امنگوں اور خواہشات کی تکمیل کرتا ہے۔

☆ وزیرِاعظم مودی نے پنجاب کے جالندھر میں سنت گرو روی داس جی کے 649 ویں یومِ پیدائش تقریبات میں شرکت کی۔ اُنہوں نے کہا کہ بھارت-یوای آزات تجارتی معاہدہ پنجاب کی صنعتوں کیلئے نئے بازار کھولے گا۔

☆ بیڈمنٹن میں بھارت کی Devika Sihag نے تھائی لینڈ ماسٹرس کا خواتین سنگلز کا خطاب جیت لیا ہے۔

☆ اور آسٹریلیائی اوپن ٹینس میں Carlos Alcaraz نے اپنا پہلا مردوں کا سنگلز خطاب جیتا ہے۔

..............................................................................

**(Music)**
اب خبریں تفصیل سے

**FM Speech**

وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے آج لوک سبھا میں سال 2026-27 کیلئے مرکزی بجٹ پیش کیا۔ یہ اُن کی جانب سے پیش کیا گیا مسلسل 9 واں بجٹ تھا۔ اُنھوں نے اپنے بجٹ کو یووا شکتی سے تحریک یافتہ قرار دیا۔ محترمہ سیتارمن نے کہا کہ اِس سال کا بجٹ تین کرتویوں سے تحریک یافتہ ہے، جن میں اقتصادی ترقی کو تیز کرنا، لوگوں کی صلاحیت سازی اور ہر کنبے، برادری، خطے اور شعبے کو وسائل، سہولتیں اور مواقع فراہم کرنا شامل ہیں۔

وزیر موصوف نے آئندہ پانچ برس میں بھارت کو بائیو فارما کے عالمی مینوفیکچرنگ مرکز کے طور پر قائم کرنے کی خاطر دس ہزار کروڑ روپے کے اخراجات کے ساتھ بائیو فارما شکتی کا اعلان کیا۔

مزدوروں پر مرکوز ٹیکسٹائل شعبے کیلئے وزیر خزانہ نے کھادی، ہتھ کرگھا اور دست کاری کی خاطر مہاتما گاندھی گرام سوراج پہل کے آغاز کا اعلان کیا۔ حکومت نے بینکنگ شعبے کے جامع جائزے اور اقتصادی استحکام، شمولیت اور صارفین کے تحفظ کی خاطر وِکست بھارت کیلئے بینکاری کے سلسلے میں اعلیٰ سطحی کمیٹی قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ محترمہ سیتارمن نے الیکٹرانک کل پرزوں کی مینوفیکچرنگ اسکیم کیلئے اخراجات میں 40 ہزار کروڑ روپے تک کے اضافے کی تجویز پیش کی۔ وزیرخزانہ نے سات ہائی اسپیڈ ریل کوریڈور کا اعلان کیا۔ حکومت، خدمات کے شعبے کو وِکست بھارت کیلئے ایک اہم محرک کے طور پر توجہ مرکوز کرنے کیلئے تعلیم سے روزگار اور کاروبار کی خاطر ایک اعلیٰ اختیاراتی قائمہ کمیٹی قائم کرے گی۔

کینسر کے مریضوں کیلئے 17 ادویات کو بنیادی کسٹم ڈیوٹی سے مستثنیٰ کردیا گیا ہے۔ زیادہ ہنرمند صحت کی دیکھ بھال عملے کو تیار کرنے کیلئے تین نئے آیوروید کے آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ قائم کئے جائیں گے۔ حکمرانی میں آرٹیفشیل انٹیلجنس کی اہمیت کے سلسلے میں وزیر خزانہ نے کہا کہ کسانوں، خواتین، نوجوانوں اور دیویانگ جَن سمیت لوگوں کو نئے مواقع فراہم کرنے کیلئے اِس ٹیکنالوجی کو اختیار کیا جانا لوگوں کے مفاد میں ہے۔

وزیر خزانہ نے انڈیا سیمی کنڈکٹر مشن 2.0 کا اعلان کیا، جس کے تحت سازوسامان اور خام مال تیار کیا جائے گا۔

وزیرخزانہ نے کسانوں کی آمدنی بڑھانے، دیویانگ جنوں کو بااختیار بنانے اور بیماری کے زیادہ خطرے والے افراد کو ذہنی صحت اور ٹراما کیئر تک رسائی فراہم کرنے اور Purvodaya ریاستوں اور شمال مشرقی خطوں کی ترقی کو تیز کرنے اور روزگار کے مواقع بڑھانے کی خاطر حکومت کے نظریے کو اُجاگر کیا۔

قومی شماریاتی دفتر کی جانب سے شائع کردہ پہلے پیشگی اندازے کے مطابق آٹھ فیصد کی نومینل GDP شرحِ ترقی کے ساتھ مالی سال 2025-26 میں بھارت کی اصل GDP کے سات اعشاریہ چار فیصد سے ترقی کرنے کا امکان ہے۔ خدمات کا شعبہ ترقی کا اہم عنصر برقرار رہے گا اور اِس میں نو اعشاریہ ایک فیصد کی توسیع ہوگی۔ مینوفیکچرنگ اور تعمیراتی شعبے نے سات فیصد سے ترقی کی ہے۔

زراعت کے تین اعشاریہ ایک فیصد سے ترقی کرنے کا تخمینہ ہے۔

بعد میں وزیر خزانہ کی جانب سے مرکزی بجٹ کی کاپی راجیہ سبھا میں پیش کی گئی۔×

**Sitharaman - PC**

بجٹ کے بعد، نئی دلّی میں منعقدہ پریس کانفرنس میں وزیر خزانہ نرملا سیتارمن نے کہا کہ یہ بجٹ 21 ویں صدی کی دوسری چوتھائی کا پہلا بجٹ ہے، جو بھارت کو 2047 تک ایک ترقی یافتہ ملک بنانے کے نظریے کی طرف لے جانے والا ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ اِس سال کے بجٹ میں صحت کو مساوی اہمیت دی گئی ہے، جس میں خاص طور پر ذہنی صحت پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔×

**PM - Budget (New)**

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ مرکزی بجٹ 2026-27 میک اِن انڈیا اور آتم نربھر بھارت مہم کو نئی رفتار دینے کیلئے ایک پرجوش خاکہ پیش کرتا ہے۔ ایک ویڈیو پیغام میں وزیرِ اعظم نے کہا کہ اِس سال کا بجٹ بھارت کی ریفارم ایکسپریس کو نئی توانائی اور رفتار فراہم کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ بجٹ آج کی امنگوں کو حقیقت میں بدلتا ہے اور بھارت کے روشن مستقبل کی بنیاد کو مضبوط کرتا ہے۔

وزیرِ اعظم نے زور دے کر کہا کہ یہ ایک منفرد بجٹ ہے، جو مالیاتی خسارے کو کم کرنے اور مہنگائی کو قابو میں رکھنے پر توجہ مرکوز کرتا ہے۔ ساتھ ہی زیادہ سرمایہ جاتی اخراجات اور تیز معاشی ترقی کو بھی یقینی بناتا ہے۔

**SB - Final PM Modi on Viksit Bharat Budget**

**Pradhan - Union Budget**

مرکزی وزیرِ تعلیم دھرمیندر پردھان، وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ، الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے وزیر اشونی ویشنو، وزیرِ زراعت شیو راج سنگھ چوہان، صحت اور خاندانی بہبود کے وزیر جگت پرکاش نڈا اور ٹرانسپورٹ کے وزیر نتن گڈکری نے مرکزی بجٹ کی ستائش کی ہے۔

جناب اشونی ویشنو نے بجٹ کو ملک کی ہمہ جہت ترقی اور وکست بھارت کی تعمیر کیلئے ایک مضبوط بنیاد قرار دیا۔

جناب دھرمیندر پردھان نے کہا کہ یہ بجٹ تعلیم اور روزگار کے مواقع میں اضافہ کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ بجٹ، ترقی کے اگلے مرحلے کیلئے ایک جامع منصوبہ پیش کرتا ہے۔

وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا کہ یہ بجٹ، عوام کے جذبات اور توقعات کو پورا کرے گا۔

جناب جگت پرکاش نڈا نے کہا کہ اِس بجٹ میں نوجوانوں، غریبوں اور کسانوں سمیت معاشرے کے ہر طبقے کا خیال رکھا گیا ہے۔ پڈوچیری، اترپردیش اور گجرات کے وزرائے اعلیٰ نے بھی مرکزی بجٹ کا خیر مقدم کیا ہے۔×

**Goyal Budget**

تجارت و صنعت کے وزیر پیوش گوئل نے مرکزی بجٹ کو وکست بھارت 2047 کی بنیاد قرار دیا۔ نئی دلّی میں نامہ نگاروں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بجٹ میں بنیادی توجہ مینوفیکچرنگ سیکٹر پر دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اِس سے نئی صنعتیں قائم ہوں گی، نئی سرمایہ کاری آئے گی اور صنعتوں کی ترقی بھی بہتر ہوگی۔×

**Maha - CM Budget Reax**

بجٹ پر اپنا ردِ عمل ظاہر کرتے ہوئے مہاراشٹر کے وزیرِ اعلیٰ دیویندر فڈنویس نے کہا ہے کہ مہاراشٹر کو اپنے حصے کے طور پر مرکزی ٹیکسوں میں سے 98 ہزار 306 کروڑ روپے ملیں گے۔ وزیرِ اعلیٰ نے مزید کہا کہ بجٹ میں زراعت، مویشی پروری، ماہی پروری اور سینچائی کیلئے خاطر خواہ انتظامات کیے گئے ہیں۔×

**Budget Defence Sector**

دفاعی خدمات کیلئے اس سال کے مرکزی بجٹ میں دیگر وزارتوں کے مقابلے سب سے زیادہ بجٹ مختص کیا گیا ہے۔

وزارتِ دفاع کے مطابق 7 لاکھ 85 ہزار کروڑ کی مختص رقم اگلے مالی سال کی تخمینہGDP کا 2 فیصد ہے اور 2025-26 کے بجٹ تخمینہ جات سے 15 فیصد سے زیادہ کا نمایاں اضافہ ظاہر کرتا ہے۔ وزارت نے کہا کہ وزارت دفاع کا مجموعی بجٹ مرکزی حکومت کے اخراجات کا 14 اعشاریہ چھ سات فیصد ہے۔ وزیر دفاع جناب راجناتھ سنگھ نے وزیر اعظم نریندر مودی کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ بجٹ سے سلامتی ترقی و خودکفیل بننے کے بیچ توازن مستحکم ہوگا اور یہ ملک کے مفاد میں بہترین قدم ہے۔×

**IND-BODIES REX**

صنعتی اداروں، PHD چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری، CII، فکّی نے مرکزی بجٹ کی ستائش کی ہے۔ PHDCCI کے چیئرمین ڈاکٹر رنجیت مہتا نے کہا کہ بجٹ سے چھوٹے اور اوسط درجے کے کاروباروں کے درمیان مسابقہ آرائی میں اضافہ ہوگا۔ انھوں نے کہا کہ فنڈ سے MSMEs کے درمیان بھی مسابقہ آرائی بڑھے گی۔

CII کے صدر راجیو میمنی نے کہا کہ مرکزی بجٹ، MSMEs سمیت صنعتوں کے مطالبات کو پورا کرتا ہے۔ انھوں نے خدمات کے شعبے پر خصوصی توجہ دیے جانے کا خیرمقدم کیا۔

فکّی کے صدر اننت گوینکا نے کہا کہ یہ بجٹ ترقی، شمولیت اور یووا شکتی پر مرکوز ہے۔ جناب گوینکا نے مزید کہا کہ بجٹ سے تسلسل اور استحکام کا اظہار ہوتا ہے۔

فارما سیوٹکلز مینوفیکچرنگ کمیٹی کے صدر ابھے کمار شریواستو نے کہا کہ BIO فارما شکتی کیلئے اگلے پانچ برسوں میں دس ہزار کروڑ روپے مختص کیا جانا صحیح سمت میں ایک جراتمندانہ قدم ہے۔

انھوں نے کہا کہ یہ قدم دنیا کیلئے جدید ادویات کی فارمیسی کی سمت میں فارما شعبے کیلئے ایک ایکو نظام تشکیل کرنے میں معاون ثابت ہوگا۔×

**Congress Budget - Reax**

کانگریس نے مرکزی بجٹ 2026-27 کی تنقید کی ہے۔ سوشل میڈیا پر اِس سال کے بجٹ کے بارے میں اپنا ردِعمل ظاہر کرتے ہوئے کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے نے کہا کہ یہ بجٹ بھارت کو درپیش متعدد معاشی، سماجی اور سیاسی چیلنجوں کا ایک بھی حل فراہم نہیں کرتا۔ کانگریس صدر نے کہا کہ اِس بجٹ میں نوجوانوں کیلئے روزگار کے مواقع بڑھانے یا افرادی قوت خواتین کی حصہ داری بڑھانے کیلئے کوئی سنجیدہ منصوبہ نہیں ہے۔×

**PM - Punjab Visit**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج جالندھر میں Dera Sachkhand Ballan میں سنت گرو رَوی داس جی کے 649 ویں یومِ پیدائش کی تقریب میں شرکت کی۔ Dera پہنچنے سے پہلے، وزیر اعظم نے ہوائی اڈے کا نیا نام سری گرو رَوی داس مہاراج جی ہوائی اڈہ، آدم پور رکھنے کا اعلان کیا۔ انہوں نے لدھیانہ میں حلوارہ ہوائی اڈے کے ٹرمنل کی عمارت کا بھی ورچوئل وسیلے سے افتتاح کیا۔ یہ ہوائی اڈہ ریاست، خاص طور پر لدھیانہ کی صنعت کیلئے ایک نیا دروازہ ثابت ہوگا۔ اِس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ آدم پور ہوائی اڈے سے گاؤوں، غریبوں، کسانوں اور نوجوانوں کو فائدہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ بنیادی ڈھانچے پر خرچ ہونے والا ہر روپیہ روزگار کے متعدد نئے مواقع پیدا کرتا ہے۔

**SB - PM Modi on Airport**

جناب مودی نے کہا کہ ملک 2047 تک وکست بھارت کے ہدف کو حاصل کرنے کیلئے تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے۔ آج

پارلیمنٹ میں پیش کیے گئے مرکزی بجٹ کے سلسلے میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پنجاب اور پورے ملک کی صنعتوں اور **MSMEs** کا خیال رکھا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت-یورپی یونین آزاد تجارتی معاہدہ، پنجاب کی **Hosiery**، کھیلوں اور دیگر صنعتوں کیلئے نئے بازار کھول دے گا۔ انہوں نے کاروباری افراد سے اپیل کی کہ وہ بین الاقوامی مارکیٹ کیلئے اعلیٰ معیار کی بھارتی مصنوعات تیار کریں، تاکہ اِس شعبے میں ملک کی کھوئی ہوئی شان دوبارہ حاصل ہوسکے، جو برطانوی دور سے پہلے تھی۔×

## CAQM - Inspection Drive

قومی راجدھانی خطے اور آس پاس کے علاقوں کے ہوا کے معیار کے بندوبست کے کمیشن **CAQM** نے وسطی دلّی میں ایک معائنہ مہم کا انعقاد کیا۔ کمیشن نے بتایا کہ اِس مہم کے دوران، دلّی کے کرول باغ اور راجندر نگر علاقوں کا احاطہ کیا گیا۔ معائنہ رپورٹ میں **20** واقعات درج کیے گئے، جن میں بایوماس جلانے کے دو معاملے اور میونسپل ٹھوس کچرا پھینکنے کے **18** معاملات شامل ہیں۔ کمیشن نے کہا کہ یہ مہم کھلے عام کچرا پھینکنے اور آگ جلانے کی روک تھام سے متعلق قوانین پر عمل درآمد کا جائزہ لینے اور فضائی آلودگی کے مقامی ذرائع کی نشاندہی کیلئے کی گئی۔×

## Bangladesh - JCD

بنگلہ دیش **Jatiobadi** چھاتر دَل **JCD** نے آج ڈھاکہ یونیورسٹی میں احتجاجی مارچ کیا۔ یہ احتجاج جماعتِ اسلامی کے امیر ڈاکٹر شفیق الرحمان کے ایکس اکاؤنٹ سے مبینہ طور پر پوسٹ کیے گئے خواتین کے بارے میں تبصروں کے خلاف تھا۔ **JCD** نے اِس پوسٹ کو قابلِ اعتراض اور توہین آمیز قرار دیا۔ احتجاج دوپہر کے قریب شروع ہوا، جب اُن کے تصدیق شدہ اکاؤنٹ سے ایک حذف شدہ پوسٹ کے اسکرین شاٹس کل وائرل ہوئے۔ اِس پوسٹ میں کہا گیا تھا کہ خواتین کو قیادت کے عہدوں پر فائز نہیں ہونا چاہیے اور دعویٰ کیا گیا تھا کہ خواتین کو کام کی جگہوں پر بھیجنے سے وہ استحصال اور اخلاقی بگاڑ کا شکار ہوجاتی ہیں۔×

## INDIA CHINA FLIGHT

ایئر انڈیا نے ایک نئے باب کا آغاز کرتے ہوئے تقریباً چھ سال کے بعد دلی سے شنگھائی کے لئے آج سیدھی پرواز دوبارہ شروع کی ہے۔ شنگھائی میں بھارت کے قونصلیٹ جنرل نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ قونصل جنرل پرتیک ماتھر **Pudong** بین الاقوامی ہوائی اڈے پر منعقدہ ایئر انڈیا کے دوبارہ پرواز شروع کرنے کی افتتاحی تقریب کے مہمانِ خصوصی تھے۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے قونصل جنرل نے توسیع شدہ ہوائی رابطے کی اہمیت کو اجاگر کیا اور کہا کہ اس سے دونوں ملکوں کے عوام سے عوام کے رابطے، تجارت، سیاحت اور ثقافتی تبادلۂ کو مزید تقویت ملے گی۔ انھوں نے بھارت کی ترقی پذیر معیشت اور تیزی سے توسیع پذیر ہوائی اڈے سمیت شہری ہوا بازی کے شعبے کے ذریعے پیش کیے گئے ترقی کے امکانات کی اہمیت کو بھی اجاگر کیا۔×

## Badminton Thailand Masters

بھارتی نوجوان بیڈمنٹن کھلاڑی **Devika Sihag** نے اپنے کیریئر کا پہلا **BWF** سُپر **300** کا خطاب حاصل کیا ہے۔ آج بنکاک میں تھائی لینڈ ماسٹرز کے خواتین کے سنگلز کے فائنل کے دوران ملیشیا کی **Goh Jin Wei** کے میچ کے دوران زخمی

ہوجانے کے سبب انہیں کھیل سے باہر ہونا پڑا۔ ہریانہ کی 20 سالہ کھلاڑی Devika آٹھ-اکیس، تین-چھ سے سبقت لئے ہوئی تھیں، جب عالمی نمبر 68 اور دو مرتبہ کی سابق عالمی جونیئر چمپیئن Goh کو ٹانگ میں چوٹ کی وجہ سے کھیل بیچ میں ہی چھوڑنا پڑا۔×

**Tennis - Australian Open**

ٹینس میں، Carlos Alcaraz نے آسٹریلین اوپن کا خطاب جیت لیا ہے۔ اِس طرح انہوں نے اپنے کیریئر میں آسٹریلین اوپن کا پہلا گرینڈ Slam خطاب جیتا اور نوواک جوکووچ کو ریکارڈ 25 واں گرینڈ Slam ٹائٹل جیتنے سے محروم کردیا۔
Alcaraz نے مردوں کے فائنل میں جوکووچ کو دو-چھ، چھ-دو، چھ-تین اور سات-پانچ سے شکست دے کر 22 سال کی عمر میں اپنا پہلا آسٹریلین اوپن کا خطاب جیتا۔
38 سالہ جوکووچ کو آسٹریلین اوپن فائنل میں 11 بار پہنچنے کے بعد پہلی مرتبہ ہار کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ وہ اوپن کے دور میں سب سے زیادہ عمر میں گرینڈ Slam خطاب جیتنے والے کھلاڑی بننے کی کوشش کررہے تھے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆